الہلال

پندرہ روزہ

ٹورانٹو - کینیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

جلد نمبر ۱۴
شمارہ نمبر ۱۴

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۱۰ اکتوبر ۱۹۸۶ء

آزاد گروپ نے ترمیمی بل کے خلاف قومی اسمبلی سے واک آؤٹ کر دیا

نئے مسودۂ قانون میں عوام کے حقوق سلب کیے جا رہے ہیں ہم جبر کا ساتھ نہیں دے سکتے - اس غیر اسلامی بل کو منظور کرنا آمریت کا دروازہ کھولنا ہے - ارکان کا احتجاج

واک آؤٹ ختم کرانے کیلئے وزیر قانون کی کوشش کامیاب نہیں ہو سکی

عوام مارشل لا کا جلد خاتمہ چاہتے ہیں ہم ان ارکان کا انتظار نہیں کر سکتے - اقبال احمد خان

[illegible]

ہمیں کوئی جلدی نہیں، نئے بل پر سب کو اظہار رائے کا موقع دیں گے - وزیر اعظم جونیجو

کوئی چاہے نہ چاہے آٹھواں ترمیمی بل منظور کرنا ہوگا - میاں طفیل

اپنے آپ کو تحفظ فراہم کئے بغیر حکومت کسی صورت میں مارشل لا نہیں اٹھائے گی

[illegible]



وزیر اعظم جونیجو

میری حکومت اسمبلی کے قواعد و ضوابط کا بڑا احترام کرتی ہے

ہماری پارٹی کی تمام نکات ترمیم شدہ بل میں شامل کر لئے گئے ہیں - خواجہ صفدر

[illegible]

حکمران اقتدار چھوڑنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے - جتوئی

۱۹۸۵ء کے آئین کے ذریعے حکمران ہمیشہ کیلئے اپنا اقتدار برقرار رکھنا چاہتے ہیں

تنظیم نو کا عزم ملک کو توڑنے کے مترادف ہے - مسلم لیگ

[illegible]

ممتاز بھٹو اور پیرزادہ کو نکالنے کے فیصلے پر پیپلز پارٹی کراچی کے کارکنوں کی برہمی

[illegible]

دشمنوں میں جنگ پر اتفاق رائے ہو

[illegible]

سردار قیوم نے صدر آزاد کشمیر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا

ہر زمرے میں انصاف ہوگا - اسلامی قوانین نافذ کئے جائیں گے - حلف برداری کے بعد تقریر

[illegible]



سردار عبدالقیوم خان

سندھی بلوچ پشتون فرنٹ نے پیپلز پارٹی کو قوم دشمن تنظیم قرار دے دیا

پیپلز پارٹی کا کوئی رکن فرنٹ کی مرکزی یا ایگزیکٹو کمیٹی کا رکن نہیں بن سکتا

نظریاتی طور پر فرنٹ اور پیپلز پارٹی متصادم ہیں: اصول کمیٹی کا فیصلہ

[illegible]

وحدت کالونی میں مفرور گروپ

[illegible]

استنبول میں لاہور اسکوائر

[illegible]

پاکستان جو عمدہ یورینیم تیار کر رہا ہے اس کا

اس کے پاس کوئی مصرف نہیں: راجیو گاندھی

[illegible]



[illegible]

اسرائیل کو مذموم حرکتوں سے روکا جائے، پاکستان کا مطالبہ

پی ایل او کے ہیڈ کوارٹر پر اسرائیلی حملے سے پاکستان میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی

پاکستان عرب اور فلسطینی عوام کے ساتھ ہے۔ سرکاری ترجمان کا بیان

تیونس کے صدر حبیب بورقیبہ اور فلسطینی رہنما یاسر عرفات کو صدر ضیا کے پیغامات ہمدردی

[illegible]



ضیاء الحق

ل. بو راور لمرکس رمیان ٹیلی فون کے زکم کا اصلاح

پاکستان اور بھارت کے درمیان مواصلات کی ٹیلیفون پر گفتگو

[illegible]

کچھ لو اور کچھ دو کے اصول پر ترمیمی بل منظور کر لیا جائے: عابدہ حسین

مارشل لاء کے خاتمے کے لئے اس بل کی منظوری ضروری ہے

[illegible]

میرا خاندانی قانون دینی ہے میں اس

کے سا تھ رہنا ضروری ہے

[illegible]

دس لاکھ بہاری بنگلہ دیش سے بھارت پہنچ گئے

[illegible]

پی آئی اے اپنے ڈی سی ٹین طیارے فروخت نہیں کر رہی

مفاد پرست حلقے بوئنگ ۳۰۰-۷۴۷ کو ڈکستان کے لئے ناموزوں قرار دے رہے ہیں

[illegible]

راجستھان میں مسلمانوں کو ختم کرنے کی سازش

[illegible]

اللہ کا دامن مضبوطی سے تھام لو

قائم ہو جاؤ اپنے باپ ابراہیمؑ کی ملت پر۔ اللہ نے پہلے تمہارا نام مسلم رکھا تھا اور اس (قرآن) میں بھی (تمہارا نام یہی ہے) تاکہ رسول تم پر گواہ ہو اور تم لوگوں پر گواہ۔ پس نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ سے وابستہ ہو جاؤ۔ وہ ہے تمہارا مولیٰ، بہت ہی اچھا ہے وہ مولیٰ اور بہت ہی اچھا ہے وہ مددگار۔ (الحج ۷۸)

مسلمان آئینہ ہے

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مومن دوسرے مومن کا آئینہ ہے، اور ایک مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے، اس کے ضرر کو اس سے دفع کرتا ہے اور اس کے پیچھے سے اس کی پاسبانی و نگرانی کرتا ہے۔ (سنن ابی داؤد، جامع ترمذی)

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ
سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)
پندرہ روزہ
الاصلاح

معروضات

"الاصلاح" کے دسویں شمارے میں "ہماری زبان" کے عنوان سے جو اداریہ لکھا گیا تھا اس پر شدید ردعمل ہوا۔ کچھ قارئین نے غم و غصہ کا اظہار کیا، کچھ رنجیدہ خاطر ہوئے اور کسی نے ستائش بھی کی تو کسی اور بنا پر۔ غرض یہ قلم اپنا مدعا بیان کرنے میں ناکام رہا۔ وہ اداریہ دو مقاصد کے پیش نظر لکھا گیا تھا۔

۱۔ اسلام میں کوئی زبان دوسری زبان سے بہتر نہیں بلکہ انسانوں میں مختلف بولیاں اللہ کا احسان ہیں۔ زبان کی بنا پر امتیاز و تفریق بھی اتنا ہی گناہ ہے جتنا کہ رنگ و نسل کی بنا پر۔

۲۔ پاکستان کا حکمران طبقہ اپنی پیشرو برطانوی استعماری حکومت کی طرح لسانی و صوبائی تعصبات و اختلافات کو فروغ دے کر اپنی حکمرانی کو جاری رکھنا چاہتا ہے۔ اُن کی اپنی زبان انگریزی ہے۔ قیام پاکستان سے آج تک وہاں انگریزی کی اجارہ داری اور عملداری رہی ہے۔ مگر نفاذِ اردو کو صرف ایک سیاسی نعرے کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ عوام غربت و افلاس، ناداری، بیماری اور مہنگائی جیسے جرائم کا شکار ہیں۔ مگر لسانی و صوبائی تفرقات میں عوام کو الجھایا جا رہا ہے۔ پنجاب اور اہل پنجاب کو دوسرے صوبوں کے مقابلے میں غاصب اور ظلم پسند کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے جبکہ چھوٹے صوبوں کے عوام اور پنجاب کے غریب عوام کے مسائل میں کوئی فرق نہیں ہے۔ وہ بھی باقی پاکستانیوں کی طرح حکمرانوں کی زیادتیوں اور ظلم کا شکار ہیں۔

پنجاب کی قیادت وہاں کے بڑے بڑے زمینداروں اور جاگیرداروں کے ہاتھ میں ہے۔ ان جاگیرداروں کے خالق انگریز تھے۔ انگریز کے آنے سے پہلے پنجاب میں جاگیرداری نہیں تھی۔ زراعت صرف پانچ دریاؤں کے قریب و جوار یا بارانی علاقوں میں ہوتی تھی۔ باقی وسیع و عریض علاقے چراگاہوں یا شکارگاہوں کے طور پر استعمال ہوتے تھے۔ مگر ۱۸۴۹ء کے بعد سے جب انگریز نے پنجاب میں نہریں بنانے کا سلسلہ شروع کیا تو نئی زرخیز زمینیں اُس نے وعدہ کر کے اُن غداروں کو دے دیں جنہوں نے انگریز کا ساتھ دیا تھا۔ [illegible]

[illegible]

چندا ماموں دُور کے

نصیر اللہ خان کا کالم

[illegible]

رحمتِ عام

[illegible]

شوقِ عبادت

[illegible]

جہاد کا مقصود

[illegible]

قصہ ایک وفادار بیوی کا

[illegible]

آپ کو اپنی قالی میں
بس دبی پالی میں
قالی گئی ٹوٹ
چندا ماموں لگے اُٹھ
[illegible]

لطیف ادیبی

خواتین کا صفحہ

حسن و صحت

ڈائٹنگ کا دس روزہ پروگرام

٭ ملاکے مقررہ پلان پر سختی سے عمل کریں اور جو کچھ کھانے کا مشورہ دیا جائے اسے مقررہ وقت سے پہلے نہ کھائیں۔

٭ دن بھر کم از کم چھ سے آٹھ گلاس پانی ضرور پئیں۔

٭ آپ کو مدھ چھچے سادہ دہی اور آدھا سیب کھانے کی اجازت ہے جاہے آپ کسی بھی وقت کھا سکتی ہیں۔

٭ آپ کو تیل، مکھن، بالائی اور گھی کا استعمال کرنے کی اجازت نہیں۔

٭ آپ کو اپنا کھانا بیک کرکے جاہے گرل یا سٹیک کر کے کھانے کی اجازت ہے یا کسی قسم کا روغن استعمال نہیں ہوگا۔

٭ کبھی ڈائیٹ سوڈا یا مصنوعی سویٹنر استعمال نہ کریں اس سے میٹھا کھانے کی خواہش بڑھ جاتی ہے۔

٭ پھل اور سبزیوں کے جوس پینے کی اجازت نہیں یہ ریشہ فراہم کیے بغیر کیلوریز بڑھا دیتے ہیں۔

٭ آپ کو ہر طرح کی سبزیاں جس قدر چاہیں کھانے کی اجازت ہے۔

٭ اگر آپ دس دن کے اختتام سے پہلے ڈائٹنگ سے اکتا جائیں تو آپ ایک دن صرف سبزیاں کھائیں۔

٭ اگر آپ ورزش نہیں کرتیں تو پیدل چلنا شروع کریں پہلے پانچ منٹ اور پھر دس منٹ تک تیز تیز چلیں پھر اس دورانیے کو بڑھاتی رہیں جو آدھ گھنٹے تک بڑھا دیں۔

٭ بہت سے آلو بیک کر کے فریج میں رکھ لیں پھر ہر صبح ایک آلو کے ٹکڑے کر کے اسے گرم کر لیں۔ آپ کو آلو کے ساتھ دہی کھانے کی اجازت ہے۔

۱، ۲، ۳ - دن

٭ ناشتہ: ایک آلو اگر چاہیں تو کسی سبزی کا اضافہ کر لیں۔

دوپہر اور رات کا کھانا: صرف سبزیاں آپ کی پسند کی۔

اسنیک: سبزیاں یا آپ مدھ چھچے دہی اور سیب کھائیں۔

چوتھا دن: اناج کا اضافہ

ناشتہ: آلو اور خواہش ہو تو سبزیاں

دوپہر: سبزیاں، روٹی، ایک ٹکڑا

رات کو: سبزیاں، چاول یا دال

اسنیک: سبزیاں، آدھا سیب اور مدھ چھچے سادہ دہی۔

پانچواں دن: مرغی اور مچھلی کا اضافہ

ناشتہ: آلو، سبزیاں

دوپہر کو: مرغی یا مچھلی، سبزیاں یا دال

رات کو: سبزیاں، مچھلی یا مرغی

اسنیک: سبزیاں، آدھا سیب اور دو چھچے دہی۔

چھٹا دن: دودھ کا اضافہ

ناشتہ: دلیہ یا کارن فلیکس دودھ کے ساتھ۔

دوپہر کو: سبزیاں، روٹی اور دہی

رات کو: سبزیاں، آدھا سیب اور دو چھچے سادہ دہی۔

ساتواں دن: ترش پھل کا اضافہ

ناشتہ: دلیہ یا ڈبل روٹی، ایک مالٹا یا گریپ فروٹ

دوپہر کو: سبزیاں، مرغی یا مچھلی

رات کو: سبزیاں، روٹی اور دہی

اسنیک: سبزیاں، آدھا سیب، اور دو چھچے سادہ دہی۔

آٹھواں دن

ناشتہ: ساتویں دن کی طرح

دوپہر کو: سبزیاں، مرغی یا مچھلی

رات کو: سبزیاں، مرغی یا مچھلی

اسنیک: آدھا سیب اور دو چھچے سادہ دہی۔

نواں دن: پھل کا اضافہ

ناشتہ: ساتویں دن کی طرح۔

دوپہر کو: سبزیاں

رات کو: سبزیاں، مچھلی یا مرغی اور دال۔

اسنیک: پھل کھانے کی اجازت ہے

دسواں دن

ناشتہ: ساتویں دن کی طرح

دوپہر کو: سبزیاں

رات کو: سبزیاں، مچھلی یا مرغی اور دال۔

اسنیک: پھل کھانے کی اجازت ہے۔

آپ کو صرف ذیل میں

درج چیزیں کھانے کی اجازت ہے

پھل: ایک وقت میں چار اونس

سرمئی، پومفرٹ، روہو، جھینگا

پولٹری: مرغی

سیریل: ایک وقت میں پون پیالی، دلیہ، کارن فلیکس، ابلی ہوئی سویاں

ہمیشہ بالائی کے بغیر دودھ اور دہی استعمال کریں ایک وقت میں چار اونس دودھ اور دہی سے زیادہ نہ کھائیں۔ کوشش کیجئے کہ چیز کا ایک بڑا چمچ کافی ہے۔ اسے دہی کے بجائے استعمال کریں۔

سبزیاں: آپ ہر طرح کی ہری سبزیاں کھا سکتی ہیں، جن میں چقندر، لوکی، توری، بینگن، کھیرے، بند گوبھی، ٹماٹر، ہری پیاز، مشروم، پھلیاں، پھول گوبھی، گاجر، مولی، سلاد، پھلیاں، سبز مرچ شامل ہیں۔

پھل: سیب، آم، تربوز، خربوزہ، پپیتا، نارنگی، خوبانی، آلو بخارا، ناشپاتی، انگور، چکوترہ وغیرہ۔

تازہ بہ تازہ

بابائے اردو پر ایک معیاری کتاب

بابائے اردو مولوی عبدالحق پر ملک و بیرون ملک کی کئی یونیورسٹیوں میں تحقیقی کام ہو رہا ہے۔ گزشتہ سال مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے ایک طالب علم شہاب الدین ثاقب کو مولوی عبدالحق کی حیات و علمی خدمات کے موضوع پر تحقیقی کام کے نتیجے میں ایم فل کی ڈگری ملی تھی۔ اس تحقیقی کتاب کو انجمن ترقی اردو پاکستان نے شائع کر دیا ہے اس کتاب میں پہلی مرتبہ بابائے اردو کی زندگی اور ان کے علمی کارناموں پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ مشفق خواجہ کے تحریر کردہ حرف چند کے مطابق شہاب صاحب نے بابائے اردو کے علمی و ادبی کاموں کے بیان میں بڑی محنت کی ہے۔ ان کا یہ کام نہ صرف معیاری ہے بلکہ ایک نوعمر مصنف کی پہلی کاوش کی حیثیت سے مثالی بھی ہے۔

ضمیر نیازی کا کتب خانہ

اردو کے ادیب اور صحافی ضمیر نیازی کا کتب خانہ ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن نے خرید لیا ہے۔ اس کا فیصلہ ۱۲ ستمبر کو عمل میں آیا۔

حشمت اوسنی کا مجموعہ نعت

"جلال الہام" جناب حشمت اوسنی چھاروی کی حمدوں اور نعتوں کا پہلا مجموعہ ہے۔ حشمت اوسنی کو بابا ذہین شاہ تاجی مرحوم نے مشاعرہ دربار کی ظافیاتیہ کا خطاب مرحمت فرمایا تھا۔

سلیم احمد کا آخری مجموعہ کلام "چراغ نیم شب"

ممتاز شاعر اور نقاد سلیم احمد مرحوم کا آخری مجموعہ کلام "چراغ نیم شب" شائع ہو گیا ہے اس میں وہ تمام غزلیں شامل ہیں جو مرحوم نے اپنے آخری ایام میں لکھی تھیں یہ غزلیں خود سلیم احمد کی شاعری میں نہیں اردو کی جدید شاعری میں بھی خصوصی اہمیت رکھتی ہیں سادہ ان کے ذریعے غزل کا ایک نیا اور منفرد اسلوب سامنے آتا ہے اس شعر کا دیباچہ سراج منیر نے لکھا ہے اور اسے مکتبہ اسلوب کراچی نے شائع کیا ہے۔

آپ کے مسائل

بیٹو حسن

موت سے ڈر

میرے شوہر بہت زیادہ بیمار ہو گئے ہیں انہیں ڈپریشن اور فرسٹریشن کے دورے پڑتے ہیں دراصل ان کے گردے میں پتھری تھی۔ ایک گردہ نکال دیا گیا۔ اب ایک گردہ ہے جو ٹھیک ٹھاک ہے لیکن ہر وقت یہ سوچتے ہیں کہ اگر اس کے آپریشن کی ضرورت پڑی تو پھر کیسے زندہ رہیں گے انہوں نے ہمیں بہت پریشان کر رکھا ہے۔ ہر وقت دوا کھاتے رہتے ہیں۔ کبھی حکیم کی کبھی ڈاکٹر کی بے شمار گولیاں سونے کی کھاتے ہیں۔ ہر وقت موت کا ڈر رہتا ہے بتائیں ان کا علاج کس سے کروائیں۔ کیا کسی ماہر نفسیات سے ان کا علاج کروایا جائے۔ ہم تو انہیں ذہنی مریض سمجھتے ہیں۔ ہر وقت وصیت لکھواتے رہتے ہیں کیا کیا جائے۔

— نفیس علی —

ج ...... انہیں کسی اچھے ماہر نفسیات کو دکھایئے وہ موت کے فوبیا کے مریض ہو گئے ہیں۔ ہر وقت موت کے تصور سے ڈرتے رہتے ہیں ابھی تو ایک گردے سے خوفزدہ ہیں حالانکہ برسوں تک ایک گردے کے لوگ جیتے رہتے ہیں۔ ایک مشہور ادیب کے چالیس سال تک ایک ہی گردہ رہا اور یہ گردہ بھی چالیس برس کی عمر میں نکالا گیا تھا۔ اسی سال کی عمر میں وہ فوت ہوئے اس بات سے کیا خوف اور اس بات کی کیا پریشانی ان سے کہیے کہ وہ خود ترغیبی کا عمل کیا کریں اس سے ان کی حالت بہتر ہوگی۔ ورنہ بیمار ذہنی اور معصیت کا شکار ہو جائیں گے۔ آپ لوگ پہلی فرصت میں انہیں لاہور میں ڈاکٹر رشید چودھری کو دکھائیں وہ ان کا بہتر علاج کریں گے۔ جب تک علاج میں تاخیر ہو خود ترغیبی کا عمل کریں اور کسی اچھے پیر سے ملیں انہیں کچھ بے ضرر قسم کی دوائیں منگوائیں اور ان سے کہیں کہ مسلسل ان دواؤں کا علاج رکھیں اس طرح وہ خواہ مخواہ کی اینٹی بائیوٹک کی دوائیں کھانے سے بچ جائیں گے اور انہیں کوئی نقصان بھی نہیں پہنچے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ لوگ اٹھتے بیٹھتے ان سے کہتے رہیے کہ خدا کا شکر ہے ان کی صحت اچھی ہو گئی ہے۔ بہت بہتر ہو گئی ہے یا بالکل ٹھیک ہیں اور ڈاکٹر کے سامنے بھی مفروضہ بیان کرتے رہیے کہ بڑا ماہر معالج ڈاکٹر ہے۔ پہنچا ہوا ہے۔ وظیفہ وغیرہ۔ اس طرح ان کے دکھ پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

خوشگوار اضافہ

میرے شوہر کا انتقال اس وقت ہوا جب میرا چھوٹا بچہ دو سال کا تھا۔ اس کے بعد میں نے پانچ سال تک بہت صعوبتیں اٹھائیں ملازمت کی بچوں کو پالا گھر پھر دیکھا۔ پھر میری ایک شخص سے ملاقات ہوئی۔ وہ طلاق یافتہ تھا اس نے مجھ سے شادی کی خواہش کی۔ میں نے اسے بتایا کہ میرے بچے ہیں مجھے ان کی پرورش کرنی ہے۔ وہ کہتا تھا کہ میں ان کا ہر طرح خیال رکھوں گا یہ تمہاری ذمہ داری بانٹوں گا۔ مجھے اس کی باتیں پر خلوص لگیں اور میں نے اس سے شادی کر لی۔ مگر شادی کے کچھ عرصہ بعد اس کا رویہ بچوں کے ساتھ یکدم تبدیل ہو گیا۔ وہ ذرا ذرا سی بات پر انہیں ڈانٹنے ڈپٹنے لگا۔ وہ اب زیادہ تر گھر سے باہر رہتا ہے، گھر آتا ہے تو اس کا موڈ خراب ہوتا ہے۔ مجھے کہتا ہے کہ یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر میں نے کیا کیا ہے۔

— ص - س —

آپ نے وہ کچھ نہیں جو وہ چاہتے تھے۔ ایک ایسا شخص جو اپنی بیوی کو طلاق دے چکا تھا اس کے لئے دوسری بیوی پانا کچھ مشکل تھا۔ آپ ملیں شاید اسے خیال ہو کہ آپ اپنے بچوں کی خاطر اس کی ہر طرح کی ضروریات پوری کریں گی۔ ہر زیادتی کے لئے تیار ہو جائیں گی لیکن بھلا کیوں۔ ایسا شخص جس نے آپ کا دکھ بانٹا نہیں اس میں اضافہ کیا ہے تو زندگی اس کے لئے بہت بہتر ہوگی۔ بچوں کو آپ کی ضرورت ہے۔ آپ اس کے لئے اتنی اہم نہیں ہیں اس نے علیحدگی کے علاوہ کوئی چارہ نہیں۔

من مانی نہ کریں

جب میرا بچہ دس سال کا تھا تو میرے باپ نے ہمیں چھوڑ کر کسی دوسری عورت سے شادی کر لی۔ پہلے پاس دیا جگہ تھا اس کی قسطیں ابھی باقی تھیں میری آمدنی اتنی نہ تھی کہ میں وہ ادا کر سکوں اس لئے مجھے اسے اپنے شوہر کو بیچ دے دینا پڑا۔ انہوں نے کہا تھا اگر تم اس کی قسطیں دے سکتی ہو تو ٹھیک ورنہ گھر میرے نام پر تھا۔ میں نے جیسے تیسے ایک اپارٹمنٹ لیا اور اپنے بیٹے کے ساتھ وہاں رہنے لگی۔ اس کا باپ کبھی کبھار جب اس کا موڈ ہوتا آ کر ملنے آ جاتا اور کچھ رقم دے دیتا۔ ان تمام حالات سے بچہ جذباتی طور پر بہت مضطرب ہوا اس کی اسکول کی رپورٹ بھی ٹھیک نہ تھی۔ میرے کچھ دوستوں نے مشورہ دیا کہ میں ڈاکٹر سے رجوع کروں۔ جو بی کا کہنا تھا کہ بچہ کو سائیکاٹرسٹ کے پاس لے جانا پڑے گا۔ اب میں گزشتہ تین سال سے اسے ہفتے میں ایک بار سائیکاٹرسٹ کے پاس لے جاتی ہوں۔ وہ اب ٹھیک ہے اس کے کوئی دوست ہیں۔ گھر میں خوش رہتا ہے۔ پڑھائی بھی بہتر ہو رہی ہے۔ میں اب سائیکاٹرسٹ کے پاس جانے کی ضرورت نہیں اس طرح خواہ مخواہ وقت ضائع ہوتا ہے جبکہ سائیکاٹرسٹ کا کہنا ہے کہ ابھی یہ فائدہ لیا جائے۔

— س - ک —

آپ نے یہ بات معالج کے مشورے کے بغیر کیوں نہ کی یہیں ہمارے اس لئے کہ آپ دل ہی دل میں یہ فیصلہ کر بیٹھیں کہ بچے کو وہاں لے جانا وقت کا زیاں ہے۔ یہ بات ڈاکٹر سے کہیں کہ بچہ اب نارمل اور خوش باش نظر آتا ہے۔ آپ کو بہرحال اور ہمیشہ معالج کی صلاحیت پر اعتماد رکھنا ہوگا۔ اگر آپ کو یہی فکر ہے تو اسے ہر ہفتے لانے کے بجائے پندرہ دن بعد یا مہینے میں ایک بار لے آیا کریں۔ نیز آپ ان سے بچے کے موجودہ طرز عمل، برتاؤ اور تعلیمی معیار کے بارے میں گفتگو بھی کریں۔ لیکن آپ اپنی مرضی سے کوئی قدم نہ اٹھائیں اس طرح شاید آپ کو بچے کی طرف سے دوبارہ پریشانی اٹھانا پڑے۔

مسائل جن کے متن شائع نہ ہو سکے

آپ نے واقعی خوفناک بات لکھی ہے آرام سے لکھیے، جیسے آپ کو پتہ ہے کہ آپ کی اس حرکت سے کتنے گھر تباہ و برباد ہو جائیں گے نیز برسوں تک انتقام اور کشت و خون کا سلسلہ جاری رہے گا۔ آپ باہر جاتے تھے آپ چھپ جاتے لیکن کسی لڑکی کی عزت خراب کر کے اس کے خودکار بدلے کر آپ نے اتنی گھٹیا حرکت کی ہے کہ آپ خدا کے قانون کے اور معاشرے کے بدترین مجرم ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ کا ضمیر بھی آپ کو چین نہ لینے دے گا۔ آپ خود اپنے ہاتھ سے خط لکھیے اپنی غلطی کا ذکر کیجئے اور ان کی بہن سے شادی کی پیشکش کیجئے کیونکہ آپ نے اسے تباہ کیا ہے اب آپ ہی اسے تباہی سے بچائیے۔ دیکھیے یاد رکھیے جو فرض آپ نے کھایا ہے کہ ہم نے انتقام لے لیا تو آپ کے گھر میں آپ کی بہنیں ہیں۔ قدرت کا انتقام بہت سخت ہوتا ہے اس کی تلافی کا واحد ذریعہ ہے۔ — ع - م —

ادب و ثقافت

منیر نیازی

چھ رنگین دروازے

چھ رنگوں کے پھول کھلے ہیں
میرے گھر کے آگے
گھاتے سکھ کے دروازے
خواب سے جیسے جاگے
ان کے پیچھے رنگ بہت ہیں
اور بہت انداز سے
ان کے پیچھے شہر بہت ہیں
اور بہت دروازے

لاہور میں ایک صبح

شبنم چمک رہی ہے سورج کی روشنی میں
نکہت مہک رہی ہے پھولوں کی تازگی میں
[illegible]
جیسے کتاب کوئی محل کی پالکی پر
اتری کسی جہاں سے منظر کی یک رخی پر

کراچی کی سیر کے دوران

نصف شب سے صبح دم کے راستے میں جب سے
[illegible]
شام کے آغاز سے تشنگی سی دل میں تھی
ایک کم آباد قریے کی ہوا میں سیر کی
یہ مری خواہش سواد بحر میں پوری ہوئی

گھر بنانا چاہتا ہوں

گھر بنانا چاہتا ہوں میرا گھر کوئی نہیں
دامن کہسار میں یا ساحل دریا کے پاس
اونچی اونچی چوٹیوں پر سرحد صحرا کے پاس
شفق آبادیوں میں دوستی تنہا کے پاس
روز روشنی کے کنارے یا شب ظلمت کے پاس
اس پریشانی میں میرا راہبر کوئی نہیں
خواہشیں بھی خواہشیں ہیں اور بسر کوئی نہیں
گھر بنانا چاہتا ہوں میرا گھر کوئی نہیں

ایک منظر

سات کلیاں سنگترے کے پیڑ سے جھڑ کر گریں
صاف چمکیلے گرشہ گلشن کی ویراں راہ پر

غزلیں

نزہت صدیقی

(ٹورنٹو)

جاگتی آنکھ کا سپنا ہوگا
یہ تجسس کہ وہ کیسا ہوگا

جو ترے ذہن میں بستا ہوگا
تو نے مجھ میں اسے دیکھا ہوگا

جو کہ اس شہر میں تنہا ہوگا
وہ مرے گاؤں سے آیا ہوگا

جب کوئی اور نہ مجھ سا ہوگا
جذبۂ شوق کا پھر کیا ہوگا

لفظ جذبوں کو چھوئیں گے کیسے
کیسے اظہار تمنا ہوگا

نیند اس کو بھی نہ آتی ہوگی
دل تو اس کا بھی دھڑکتا ہوگا

شاہین

خزاں کے گھر سے پھر اس طرح گھر گئے ہم تم
خود اپنی راکھ اڑاتے بکھر گئے ہم تم
زمانہ اپنی اداکاریوں پہ نازاں تھا
اور اپنے آپ پہ الزام دھر گئے ہم تم
[illegible]
بہار ہماری خزاں سے گزر گئے ہم تم
کبھی جہان کے مقابل رہے تن تنہا
کبھی خود اپنی ہی آہٹ سے ڈر گئے ہم تم
جہاں سموم کا بے مہریاں تھیں آنکھوں میں
وہاں خلوص کا احسان کر گئے ہم تم

[illegible]

شہر رفتہ شہر میں دیکھوں تو کیا نہیں ملتا
بس اپنے گھر کے لیے راستہ نہیں ملتا

عروج پر ہے ستم موسموں کا جاہ و جلال
شجر پہ کوئی بھی پتا ہرا نہیں ملتا

ابھی ابھی کوئی آندھی ادھر سے گزری ہے
دو چار سانس لیے نقش پا نہیں ملتا

بکھر گئے تجھ سے طبیعت اداس رہتی ہے
خود اپنے گھر میں بھی گھر کا مزا نہیں ملتا

تمہیں بھی روز کہاں تک وہی سناتا ہے
مجھے بھی خواب کوئی دوسرا نہیں ملتا

شاخ برگ و شجر بھی ٹوٹ چکے اشجار
کسی طرح بھی مزاج ہوا نہیں ملتا

میں کس طرح سے تجھ سے دلوں کو سمجھاؤں
کسی بھی بات کا کوئی سرا نہیں ملتا

[illegible]

فیض پر انجماد کا ذکر پہلی مرتبہ ۱۹۵۸ء میں ہوا تھا۔
منیر نیازی کی غزل، خون، حرارت اور علم مانگتی ہے؟
ڈاکٹر سلیم اختر کی نفسیاتی تنقید پچک گئی؟
تنقید برداشت نہ کرنے کا نتیجہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]



[illegible]

آپ کے خطوط مدیر کے نام

کنفیڈریشن کی بات کرتے ہیں تو پنجابیوں میں یہ خیال آجاتا ہے کہ وہ ان لوگوں کو جو قوم کا ... اور اسلام کا مخالف کہکر اپنے چہرے کے نقاب کو اتارنے سے بچاتے ہیں۔ لیکن کب تک؟ ایک دن پنجابیوں کی یہ نقاب بھی اتر جائے گی۔ مشرقی پاکستان کا سانحہ اسلامی تاریخ کا سب سے بدنما داغ ہے جس میں نوے ہزار فوجیوں نے اسلحہ رکھنے کے باوجود ذلت کے ساتھ ہتھیار ڈال دیئے۔ یہ بھی پنجابیوں کا کارنامہ ہے۔ دوسرا شاندار کارنامہ ... [illegible] ... آپ بھی اس میں شریک ہوں گے۔

یہ معلوم کر کے بہت افسوس ہوا کہ آپ ... [illegible]

والسلام
آپ کا سچا خیر خواہ مسلمان بھائی
ظریف احمد (سینٹ کیتھرین)

(ادارہ "معروضات" سے موافقت پر مسلمانوں کا ... [illegible])

ہماری زبان

جناب مدیر "الہلال"
بہت بہت سلام

اپنے پچھلے اداریہ میں آپ نے ... [illegible]

[illegible]

دن کا استقبال

جاوید شاہین کی ایک سادہ نظم۔
دن ابھرتے
میرے گھر کے سامنے والے درختوں سے
نیچے اترتا ہے
میں کھڑکی میں بیٹھا ہوں
اس کے استقبال کیلئے بیٹھا ہوں
مگر میرے گھر سے
اندر شہر کے قریب پہنچ کر
شام اسے اپنے ساتھ لے چلی جاتی ہے

فوری برائے فروخت

- کچن سنٹر (OSTER) بغیر استعمال کیے ہوئے بازار سے کم داموں پر فروخت کیا جا رہا ہے۔
- ٹی وی (SANYO) رنگین، تین چار سال استعمال کیا ہوا، واجبی داموں پر برائے فروخت ہے۔

927-7794

مقامی خبریں

میٹنگ

اردو زبان کی ترویج کے لیے ٹورانٹو بورڈ آف ایجوکیشن نے پاکستانی والدین کی ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جہاں بچوں کو اردو سکھانے کے بارے میں مسائل پر گفتگو ہوگی۔

پاکستانی بچوں کے والدین سے گزارش ہے کہ ۲۰ اکتوبر کو ۳ بجے دوپہر بورڈ آف ایجوکیشن کی بلڈنگ واقع ۱۵۵ کالج اسٹریٹ پر تشریف لائیں۔ یہ میٹنگ اور چائے پانی کا بندوبست ... ہے۔

ہتھوڑا گروپ نے ۶ افراد کو قتل کر دیا

قاتل بھیانک انجام سے نہیں بچ سکیں گے وزیر اعلیٰ سرحد

[illegible]

چاکرانی اور گلگتی قبائل کے درمیان

[illegible]

جہانگیر خان نے ... اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

[illegible]

... کے لیے ایک لاکھ کی گرانٹ کا اعلان

[illegible]

Help a friend learn English at home

اگر آپ انگریزی زبان پڑھنے اور بولنے کے قابل ہیں اور کسی ایسے دوست کی مدد کرنا چاہتے ہیں جو اس زبان سے ناواقف ہے تو اونٹاریو کی وزارت تعلیمات کے INDEPENDENT LEARNING CENTRE سے آپ کو مدد مل سکتی ہے۔ ہمارا "انگریزی بحیثیت زبان دوم" کا مفت کورس آپ کو کسی ایسے دوست کو انگریزی سکھانے میں مدد دے گا جو گھر بیٹھے اپنے فرصت کے اوقات میں بنیادی انگریزی زبان سیکھنا چاہتا ہے۔

اس کورس کے لیے آڈیو کیسٹ ٹیپ اور لکھنے پڑھنے کی کتابیں مہیا کی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک تعلیم یافتہ استاد کی خدمات بھی ملتی ہیں جو مختلف مشقوں کے ذریعے اور ٹیلی فون کے ذریعے آپ کے طالب علم کو سبق دے گا۔

جب آپ سے جو مدد چاہیئے وہ یہ ہے کہ آپ کے طالب علم کو آپ کی طرف سے اتنی ہمت افزائی اور اتنا وقت ملے جس کی اسے ضرورت ہے۔ اس کے لیے خاص استادانہ صلاحیتوں کی بھی ضرورت نہیں۔

اگر آپ کو کسی ایسے جاننے والے کا پتہ ہو جو گھر بیٹھے کر بنیادی انگریزی زبان سیکھنا چاہتا ہو تو فوراً ٹورانٹو کے INDEPENDENT LEARNING CENTRE کو 965-2657 پر فون کیجئے۔ یا مزید معلومات کے لیے بلا خرچ نمبر 1-800-268-7065 پر فون کیجئے۔

Ministry of Education
Ontario
Minister, Hon. Sean Conway
Premier, Hon. David Peterson

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے۔

مندرجہ ذیل رشتوں سے دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لئے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے۔

ADVERTISEMENT No.....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT
M2H 2P6

***

اشتہار نمبر (۳۴) ٹورانٹو میں اپنے خاندان کے ساتھ رہائش پذیر، کراچی سے تعلق رکھنے والی ۲۳ سالہ خوبصورت اور خوب سیرت لڑکی کے لیے صاحب حیثیت پروفیشنل اور شریف لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے مکمل کوائف کے ساتھ اپنا فون نمبر بھی تحریر فرمائیں۔

*

اشتہار نمبر (۳۵): کینیڈین امیگرنٹ ۲۲ سالہ، ٹیکنیکل کام کرنے والے شریف خاندان کے لڑکے کے لیے، دراز قد رکھنے والی قبول صورت لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ رشتے میں دلچسپی رکھنے والے اپنے فون نمبر کے ساتھ "الہلال" کی معرفت خط لکھیں۔

***

دوبائی میں سکونت پذیر ۲۷ سالہ ایم۔ ایس لڑکے کیلئے حیدرآباد دکن سے تعلق رکھنے والی، پڑھی لکھی، نیک اور سلیقہ شعار لڑکی عمر ۱۹ تا ۲۲ کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کیلئے فون کیجئے: مسز معراج سلام

(416) 291-8068

***

بے بی سٹر

سکاربرو میں دو لڑکیوں کی نگہداشت کے لیے مسلمان بے بی سٹر کی ضرورت ہے۔

(آفس) 968-6277
(گھر) 283-4791

***

برائے فروخت


کراچی میں تیار کروایا ہوا حیدرآبادی دلہن کا جوڑا، بغیر استعمال کیے، واجبی داموں پر فروخت کیا جا رہا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے شام چھ بجے کے بعد یا ویک اینڈ پر فون کریں۔

(416) 493-4374

پاکستان کی مشرقی اور مغربی سرحدوں پر حالات نازک ہیں۔ گورنر سرحد

شاہنواز بھٹو کی موت سے متعلق تمام سرکاری رپورٹ شائع کی جائے
پاکستان کی فرانسیسی حکومت سے درخواست

خود مختار قومی اسمبلی ریفرنڈم کے نتائج کو منسوخ کرے گی۔ پیر پگارا



جنرل محمد ضیاء الحق

بھارت کو پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافے پر نکتہ چینی نہیں کرنی چاہیے

پاکستان افغانستان کے علاقوں پر بمباری کرکے اشتعال انگیزیوں کا جواب دے سکتا ہے

کنفیڈریشن کی باتیں کرنے والوں کو اپنے دور اقتدار میں یہ حقوق یاد کیوں نہیں آئے



ترمیمی بل کیا ہے؟

اسپیکر نے بل پیش ہونے کے پہلے ہی دن آزاد گروپ کے اعتراضات مسترد کر دیے

نئے مسودہ قانون کے تحت بعض اہم شقیں آئین میں شامل کی جائیں گی
صدر اپنی صوابدید سے قومی اسمبلی توڑ کر نئے انتخابات کا اعلان کر سکتے ہیں

سعودی عرب کے قومی دن پر میاں طفیل کا پیغام تہنیت


بیرونی ممالک سے مستقل طور پر واپس آنے والے پاکستانیوں کے بارے میں سروے

جنوری ۸۲ء سے قبل امریکہ جانے والے غیر قانونی تارکین وطن کو عام معافی دیدی جائیگی

امیگریشن بل سینٹ میں پیش کر دیا گیا

امریکہ آزاد افغانستان ریڈیو اسٹیشن تعمیر کر رہا ہے

مصر کے مفتی اعظم کا انتقال



Fortnightly
al-hilal
50¢ Vol.14 No.14 October 10, 1985
Telephone: (416) 493-4374 474-9292
338 Hollyberry Trail, Ont. Canada M2H 2P6

اسلحہ کی خریداری اور اقتصادی امداد کے نئے معاہدے پر پاکستان اور امریکہ میں اختلافات بڑھ گئے

[illegible]

دونوں ملکوں کے حکام کا مشترکہ اجلاس آئندہ ماہ پھر ہوگا

[illegible]

کشمیر میں پاکستان اور بھارت کی فوجوں میں شدید لڑائی

فائرنگ ایک سو کلومیٹر طویل محاذ پر ہو رہی ہے - بھارتی خبر رساں ایجنسی کا دعویٰ

[illegible]

آنسوؤں میں ایڈز کے جراثیم پاکستانی سائنسدان نے دریافت کئے

[illegible]

بجٹ کا صرف ۲ فیصد حصہ عوام کی فلاح پر خرچ کیا جاتا ہے - اصغر خان

اسلام کا نام محض اقتدار کو طول دینے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے - کسی مسلم ملک میں جمہوریت نہیں
ہم دفاق کے حامی ہیں - اپنی کتاب کی تقریب رونمائی سے تحریک استقلال کے سربراہ کا خطاب



[illegible]

وفاقی کابینہ میں توسیع ہو رہی ہے
گوہر ایوب، خواجہ صفدر، میاں آصف، راجہ نادر پرویز اور نسیم گردیزی کی شمولیت کا امکان

[illegible]

امریکی ایجنٹ نے کراچی کے ہوٹل میں جاسوسی کا جال بچھا رکھا تھا

[illegible]

غفار خان نے کالا باغ ڈیم کے خلاف مہم شروع کر دی

پختونوں، بلوچوں اور سندھیوں کے حقوق کیلئے کنفیڈریشن کے سوا کوئی چارہ نہیں

[illegible]

اصغر خان پاکستان واپس پہنچ گئے

[illegible]

حکومت پاکستان کنفیڈریشن کی بالواسطہ حمایت کر رہی ہے - بارو زئی

[illegible]

پاکستان کی خوشحالی کے لئے روس اور بھارت سے دوستی ضروری ہے - بزنجو

[illegible]

فیچر پر پابندی لگائی گئی تو دنیا بھر کے مسلمان برطانیہ کے خلاف مظاہرہ کریں گے

[illegible]

پشاور میں بم کا خوفناک دھماکہ - ایک شخص ہلاک، ۸ زخمی

[illegible]

Managing Editor: M Lateef Owaisi